# سینٹرل ریجن نے ایک ارب روپے سے زائد کا نیا پریمیئم جمع کرلیا

(تحفظ رپورٹ)

اسٹیٹ لائف کے سینٹرل ریجن نے 22 ستمبر 2008ء تک نئے پریمیئم کی مد میں ایک ارب 52 لاکھ روپے جمع کر کے ریکارڈ قائم کیا ہے۔اس ضمن میں ایگزیکٹیو ڈائریکٹر مارکیٹنگ محترمہ نرگس گھلو اور ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب سلطان اے شیخ خصوصی طور پر سینٹرل ریجن کی کیک کٹنگ تقریب میں شامل ہوئے اور سینٹرل ریجن کے سربراہ اور زونل ہیڈز کو خراج تحسین پیش کیا۔



ایک ارب 52 لاکھ روپے پریمیئم سال اول کرنے کی خوشی میں ایگزیکٹیو ڈائریکٹر محترمہ نرگس گھلو کیک کاٹ رہی ہیں



محترمہ نرگس گھلو، جناب سلطان اے شیخ اور چوہدری مدد علی انجم خطاب کررہے ہیں جبکہ شرکا خوشی کا اظہار کررہے ہیں

# صلاحیتوں کو پروان چڑھانے کے لیے تربیت ضروری ہے

## پیشہ ورنہ تربیت کی اہمیت پر پرنسپل آفس میں خصوصی نشست

(تحفظ رپورٹ)

گزشتہ دنوں پرنسپل آفس میں شعبۂ ایف ایم ڈی کے زیرِاہتمام تربیتی سیمینار ہوا۔جس کی صدارت ڈپٹی جنرل منیجر پی اینڈ جی ایس و ٹریننگ ڈاکٹر عطا اللہ نے کی جبکہ محترمہ ممتاز موسیٰ نے خصوصی مہمان کی حیثیت سے شرکت کی۔

تقریب کا آغاز جناب ساجد شمیم نے تلاوتِ کلام پاک سے کیا اور نظامت کے فرائض سیکٹر ہیڈ سید صغیر عابد رضوی نے انجام دیے ۔اس موقع پر ایف ایم ڈی کے سربراہ سید اظہار حسین رضوی نے تمام مہمانان کو خوش آمدید کہا اور محترمہ ممتاز موسیٰ کی ایف ایم ڈی کے لیے اعلیٰ خدمات پر خراج تحسین پیش کیا۔

ڈپٹی جنرل منیجر جنرل سروسز محترمہ ممتاز موسیٰ نے اپنی پرانی رفاقتوں کا تذکرہ کرتے ہوئے تمام کارکنان کو ہدایت دی کہ وقت کا صحیح استعمال کریں، وقت ہمارے کردار کی کسوٹی ہے۔اسی سے ہماری فردِ عمل مرتب ہوتی ہے،گزرے لمحات کبھی واپس نہیں آتے۔اپنے فرائض دیانت داری سے انجام دیں۔باعمل لوگ اپنے حسن عمل سے اپنے وقت کو بابرکت اور بار آور بنا لیتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ اپنے آپ کو دھوکا نہ دیں۔اپنے منصب سے خلوص برتیں، اپنے جونیئر سے حسنِ سلوک کریں، اسی سے اطمینانِ قلب نصیب ہوگا اور ترقی کی راہیں کھلیں گی۔ انہوں نے کہا کہ ہم زیادہ تر وقت کارپوریشن میں گزارتے ہیں ،اسی لیے ہمارا اوڑھنا بچھونا اسٹیٹ لائف ہے۔اس کے مقاصد کی تکمیل ہمارا اولین فرض ہے۔



محترمہ ممتاز موسیٰ، جناب عطاء اللہ، سید اظہار حسین رضوی اور جناب صغیر عابد رضوی حاضرین سے خطاب کررہے ہیں

تقریب میں ڈاکٹر عطاء اللہ نے کہا کہ تربیت و تعلیم کبھی ضائع نہیں ہوتے بلکہ اصل سے زیادہ واپس لوٹا دیتے ہیں۔تربیت سے رویوں میں تبدیلی آتی ہے،ترقی کی راہیں کھلتی ہیں اسی لیے ہمیں چاہیے کہ اپنی صلاحیتوں کو زیادہ تر تربیت پر صرف کریں۔انہوں نے کہا کہ لیڈر وہ ہے جو اپنے ساتھیوں کی سوچ کی رہنمائی کرے اور ان کے کردار میں تبدیلی لائے۔ادب،علم وفن اور سائنس کے میدانوں میں لیڈر وہ ہوتے ہیں جو اپنے میدانِ عمل میں برتری ظاہر کرنے میں کامیاب ہوجاتے ہیں اور جو لوگوں اور معاشرے کو متاثر کرتے ہیں۔

# راولپنڈی زون میں اسٹاف یونین کی سیرتؐ کانفرنس

## اسوۂ حسنہ پر روشنی ڈالی گئی

(تحفظ رپورٹ)



راولپنڈی زون میں ایمپلائز یونین کے زیر اہتمام سیرت کانفرنس میں نعتیہ کلام پیش کیا جارہا ہے

راولپنڈی زون میں اسٹاف یونین کے زیر اہتمام سیرت النبی ﷺ کانفرنس انتہائی عقیدت سے منعقد کی جاتی ہے جس میں اسٹاف کے علاوہ افسران اور فیلڈ کارکنان نے شرکت کی۔ اس موقع پر مختلف علما نے خصوصی خطاب کیا۔ اس محفل میں مولانا حنیف قریشی تشریف لائے اور انہوں نے حضور ﷺ کے اسوۂ حسنہ پر نہایت موثر انداز میں روشنی ڈالی۔ جناب عبدالرؤف قادری اور الطاف کاظمی نے نعت رسول مقبول ﷺ پیش کی۔ اس موقع پر مقابلۂ نعت خوانی میں اسٹاف، افسران اور فیلڈ کارکنان نے بڑھ چڑھ کر حصہ لیا اور نذرانۂ عقیدت پیش کیا۔ مولانا حنیف قریشی نے نعتیہ مقابلہ میں پہلی، دوسری اور تیسری پوزیشن پانے والے ساتھیوں کو ہار پہنائے اور انعامات دیئے۔ اس پررونق اور ایمان افروز محفل کے روح رواں اور کمپیئرنگ کے فرائض شیخ عثمان نے ادا کیے۔

آخر میں پاکستان بیت المال کے سربراہ زمرد خان تشریف لائے اور اسٹاف یونین کے زیر انتظام ادائیگی عمرہ اسکیم میں دس خوش نصیبوں کے نام بذریعہ قرعہ اندازی نکالے۔ انہوں نے اپنے مختصر خطاب میں اسٹیٹ لائف راولپنڈی زون اور اسٹاف یونین کو ایسی خوب صورت محفل سجانے پر مبارک باد دی۔ آخر میں تمام ساتھیوں کو افطار ڈنر دیا گیا اور یہ محفل اختتام پذیر ہوئی۔

# جناب خالد واسطی

## اس صاحبِ ہُنر کا ہُنر یاد رہے گا

(تحفظ رپورٹ)



ڈپٹی جنرل منیجر مارکیٹنگ جناب خالد واسطی کی ریٹائرمنٹ کے موقع پر ڈویژنل ہیڈ (آر ای ڈی)
جناب ناصر جاوید خان ان کی خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے گلدستہ پیش کررہے ہیں

مارکیٹنگ ڈویژن کے ڈپٹی جنرل منیجر جناب خالد واسطی گزشتہ دنوں اپنی 44 سالہ مدت ملازمت کی تکمیل پر ریٹائر ہوگئے۔ جناب خالد واسطی نے بیمہ زندگی کے کاروبار میں 1964ء میں شمولیت اختیار کی۔ انہوں نے ای ایف یو انشورنس سے اپنے کیریئر کا آغاز کیا اور اپنی پیشہ ورانہ مہارت کے بل بوتے پر ترقی پاتے ہوئے ڈی جی ایم کے عہدے تک پہنچے۔ جناب واسطی صاحب کی اسٹیٹ لائف کے لیے خدمات کی فہرست بہت طویل ہے۔ انہوں نے اسٹیٹ لائف کے ریوائزڈ فیلڈ اسٹرکچر، ایریا منیجرز پیکج اور انشورنس آرڈیننس 2000ء کے مطابق بیمہ زندگی کے کاروبار کے اصول وضوابط میں اصلاحات کے کام میں سینئر مینجمنٹ کا ہاتھ بٹایا۔ طبیعت میں اخلاص اور پروفیشنلز پر کاربند رہنے کے باعث وہ کارپوریشن میں سینئر اور جونیئرز میں یکساں محبت اور احترام سے جانے گئے۔ اسٹیٹ لائف کے افسران و اسٹاف کارکنان ان کے لیے دعائے عمر درازی کرتے ہوئے ان کے اہل خانہ سے نیک تمناؤں کا اظہار کرتے ہیں۔ جناب خالد واسطی کی ریٹائرمنٹ پر پرنسپل آفس میں ایک سادہ تقریب ہوئی جس میں ان کے ساتھی افسران نے ان کی خدمات پر خراج تحسین پیش کیا۔ اس موقع پر ڈویژنل ہیڈ لاء جناب شاہد عزیز خان نے ان کی خدمت میں یہ شعر پیش کیا جو حاضرین میں دلچسپی کا باعث بنا ؎

اس صاحب ہنر کا ہنر یاد رہے گا
جو حبس کے موسم میں ہوا بانٹ رہا تھا

اس ضمن میں اس امر کا تذکرہ خالی از دلچسپی ہوگا کہ جس روز جناب خالد واسطی کارپوریشن کی ملازمت سے ریٹائر ہوئے اسی روز ان کا دیرینہ خواب بھی پورا ہوا جو انہوں نے اپنی بیٹی مس افشاں واسطی کے لیے دیکھا تھا۔ بفضل تعالیٰ ان کی بیٹی کو ان کی محنت کے صلے میں کراچی یونیورسٹی سے بائیو کیمسٹری میں ڈاکٹریٹ (پی ایچ ڈی) کی ڈگری عطا کی گئی۔ ہم اس سلسلے میں واسطی صاحب کو مبارک باد بھی پیش کرتے ہیں۔

# ہارون آباد ایریا آفس میں کیش کاؤنٹر کی سہولت فراہم کی جائے گی، ریجنل چیف

## ساہیوال زون میں ایریا آفس کی افتتاحی تقریب کا احوال، ریجنل چیف مقصود احمد چوہدری کی گفتگو

رپورٹ......عبدالرحمان
آفس اسسٹنٹ ساہیوال زون

گزشتہ دنوں ساہیوال زون کے ترقی پانے والے ایریا منیجر چوہدری جمیل اختر کے ہارون آباد میں واقع ایریا آفس کی افتتاحی تقریب ہوئی۔ مہمانِ خصوصی ریجنل چیف ملتان ریجن جناب مقصود احمد چوہدری نے ایریا آفس کا افتتاح کیا اور چوہدری جمیل اختر کو مبارک باد دی۔ ہارون آباد آمد پر ریجنل چیف مقصود احمد چوہدری اور زونل ہیڈ ساہیوال زون جناب عبدالعلیم چوہدری کا پرتپاک استقبال کیا گیا۔

ایریا منیجر چوہدری جمیل اختر نے خطبۂ استقبالیہ میں مہمانوں کو خوش آمدید کہا اور ان کو اپنی کارکردگی سے آگاہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ بیمۂ زندگی کا سب سے بڑا مقصد انسان کی معاشی خوش حالی ہے اور میں بیمۂ زندگی کو خدمت اور فلاحِ انسانی سمجھتے ہوئے اس راستے پر گامزن ہوں۔ چوہدری جمیل اختر نے ریجنل چیف کو ہارون آباد کے مسائل سے آگاہ کرتے ہوئے ہارون آباد میں کیش کاؤنٹر کی سہولت دینے کا بھی مطالبہ کیا تاکہ معزز بیمہ داروں کو اپنی اقساط کی بروقت ادائیگی میں سہولت ہو۔ ریجنل چیف نے غور وخوض کے بعد ہارون آباد میں کیش کاؤنٹر کی فراہمی کا وعدہ کرلیا۔

زونل سربراہ ساہیوال زون عبدالعلیم چوہدری نے خطاب کرتے ہوئے ریجنل چیف سے کہا کہ وہ آج ایسی آرگنائزیشن کے ایریا آفس کی افتتاحی تقریب میں شرکت کے لیے تشریف لائے ہیں جس نے ہمیشہ اپنے عزم، بلند حوصلے، محنت اور سخت جدوجہد کی بدولت اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوایا، ہم امید رکھتے ہیں کہ مضبوط ارادوں کی حامل یہ ٹیم اپنی سابقہ روایات کو برقرار رکھتے ہوئے آئندہ بھی زون میں نمبرون رہے گی۔ انہوں نے نئی ذمہ داریوں کے ساتھ پہلے ہی مہینے زون میں نمایاں کارکردگی پر ایریا منیجر اور ان کی ٹیم کو مبارک باد دی۔

ریجنل چیف ملتان مقصود احمد چوہدری نے مارکیٹنگ فورس سے خطاب کرتے ہوئے بیمۂ زندگی کو ایک معزز پیشہ قرار دیا جس میں کسی سفارش، رشوت اور اقربا پروری کی ضرورت نہیں پڑتی اور انسان اپنی محنت اور صلاحیتوں کی بدولت ترقی کرسکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ میں نے اسٹیٹ لائف میں بطور سیلز نمائندہ شمولیت اختیار کی اور آج آپ کے سامنے ریجنل چیف کے عہدے پر فائز ہوں۔ انہوں نے کہا کہ تعلیم یافتہ اور بے روزگار نوجوانوں کو اس پیشے میں لایا جائے تاکہ ملک وقوم کی خدمت کے ساتھ ساتھ اپنے پیارے ملک سے بے روزگاری کا خاتمہ کرنے میں بھی مدد ملے۔ انہوں نے ماہ جون 2008ء میں نئے ایریا کی بہتر پرفارمنس پر چوہدری جمیل اختر اور ان کی ٹیم کو مبارک باد دی اور انہوں نے اعلیٰ کارکردگی کے حامل سیلز منیجران قمر شہزاد، محمد انور، قمر عباس، سیلز آفیسران محمد اخلاق تبسم، مزمل حسین، حاجی اصغر علی، رضوان بشیر، سیلز نمائندگان محمد سلیم چٹھہ، ڈاکٹر محمد علی اور اکمل نوید کو ٹرافیاں پیش کیں اور ان کے گلے میں ہار پہنائے۔ تقریب کے اختتام پر تمام مہمانوں کی پرتکلف کھانے سے تواضع کی گئی۔



ریجنل چیف ملتان ریجن جناب مقصود احمد چوہدری ہارون آباد میں چوہدری جمیل اختر ایریا منیجر کے آفس کا افتتاح کررہے ہیں۔
ان کے ہمراہ زونل ہیڈ ساہیوال عبدالعلیم چوہدری، سیکٹر ہیڈ بہاولنگر چوہدری محمد ارشد کمبوہ اور ایریا منیجر جمیل اختر نظر آرہے ہیں

## مبارک مبارک

- ڈپٹی منیجر (اے اینڈ ایس پی) جناب محمد عارف الیاس کے ہاں بیٹے کی پیدائش پر نیک تمناؤں کا اظہار کرتے ہیں۔
- سپرنٹنڈنٹ (اے اینڈ ایس پی) جناب احمد اللہ خان کی بیٹی کی شادی اور بیٹے کی بیرون ملک روانگی پر ہم ان کو مبارک باد پیش کرتے ہیں۔

”تحفظ“ جناب ایم۔ عارف الیاس اور احمد اللہ خان کے بچوں کے بہتر مستقبل اور خوش حالی کے لیے دعا گو ہے۔

## تقرریاں وتبادلے

پرنسپل آفس پی اینڈ جی ایس ڈویژن کے جاری کردہ مختلف دفتری حکم ناموں کے مطابق اعلیٰ افسران کی فوری طور پر تبدیلیوں اور تعیناتی کے احکامات جاری کیے ہیں جس کے مطابق

- پرنسپل آفس ایف ایم ڈی کی ڈپٹی جنرل منیجر محترمہ ممتاز موسیٰ کو تبدیل کرکے جنرل سروسز (پی اینڈ جی ایس) پرنسپل آفس
- پرنسپل ٹریننگ اکیڈمی کراچی اور ڈپٹی جنرل منیجر سید اظہار حسین رضوی کو ٹرانسفر کرکے ایف ایم ڈی پرنسپل آفس۔
- پرنسپل آفس جنرل سروس (پی اینڈ جی ایس) کے اسسٹنٹ جنرل منیجر جناب ایم عارف میمن کو پرسونل (پی اینڈ جی ایس) پرنسپل آفس
- گجرات زون کے سربراہ چوہدری عبدالناصر کو ٹرانسفر کرکے ریجنل آفس اسلام آباد میں رپورٹ کرنے کو کہا گیا ہے جبکہ اس ضمن میں سیکٹر ہیڈ راولپنڈی زون والے جی ایم محمود ایچ ملک کو گجرات زون کی ذمہ داریاں سونپ دی گئی ہیں۔
- زونل ہیڈ فیصل آباد و ڈپٹی جنرل منیجر جناب سلطان اے شیخ کا تبادلہ کرکے ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ پرنسپل آفس تعینات کیا گیا ہے جبکہ سینٹرل ریجن کے ریجنل آفس کے اے جی ایم جناب ایم داؤد ناصر کو تبدیل کرکے فیصل آباد زون کی اہم ذمہ داریاں سونپی گئی ہیں۔
- زونل ہیڈ لاڑکانہ و ڈپٹی جنرل منیجر سید علمدار حسین کاظمی کو ٹرانسفر کرکے سدرن ریجن کا چیف مقرر کیا ہے جبکہ مارکیٹنگ ڈپارٹمنٹ لاڑکانہ زون ہی کے منیجر جناب غلام رسول ابڑو کو زونل سربراہ لاڑکانہ بنادیا گیا ہے۔
- ڈپٹی جنرل منیجر رئیل اسٹیٹ ڈویژن کراچی جناب حسن عباس کو تبدیل کرکے رئیل اسٹیٹ ڈپارٹمنٹ اسلام آباد تعینات کیا گیا ہے۔
- اے جی ایم (پی ایچ ایس) ملتان زون جناب شاہد جمال کو پی ایچ ایس لاہور سینٹرل زون میں ذمہ داریاں سونپی گئی ہیں۔



# News in Pictures



ڈویژنل ہیڈ پی ایچ ایس جناب محمد سعید خان کی ریٹائرمنٹ پر الوداعی تقریب میں ڈویژنل ہیڈز، زونل ہیڈز اور چیف میڈیکل ایڈوائزر کے ہمراہ لیا گیا گروپ فوٹو



چیئرمین جناب شاہد عزیز صدیقی ڈویژنل ہیڈ پی ایچ ایس جناب محمد سعید خان کو ان کی ریٹائرمنٹ پر پھولوں کا تحفہ پیش کر رہے ہیں ایگزیکٹیو ڈائریکٹر جناب سید ارشد علی بھی اس موقع پر موجود ہیں



سینٹرل ریجن ٹریننگ اکیڈمی کے زیر اہتمام تربیتی ورکشاپ کے شرکا کا مہمان خصوصی ریجنل چیف چوہدری مدد علی انجم، پرنسپل ٹریننگ اکیڈمی سینٹرل اور چوہدری انجم رشید اور جناب ممتاز چوہدری و دیگر کے ہمراہ لیا گیا گروپ فوٹو



راولپنڈی زون میں سیرت النبیؐ کانفرنس کے موقع پر قرعہ اندازی کے ذریعے عمرہ ٹکٹ کا انعام، تصویر میں مینجنگ ڈائریکٹر پاکستان بیت المال جناب زمرد خان کے ہمراہ زونل سربراہ جناب افتخار احمد کے ساتھ عمرہ پر جانے والوں کا گروپ فوٹو



چیئرمین اسٹیٹ لائف جناب شاہد عزیز صدیقی کی لاہور سینٹرل زون آمد پر ریجنل چیف سینٹرل چوہدری مدد علی انجم اور زونل سربراہ شیخ زاہد امام اور دیگر نمائندہ ایسوسی ایشن اور یونین کے ساتھ گروپ فوٹو




ریجنل چیف نارتھ راجہ ظفر علی شان ایریا منیجر اکبر علی کو شیلڈ پیش کر رہے ہیں ان کے ہمراہ زونل ہیڈ اسلام آباد جناب اظہر حسین بھی موجود ہیں



سیکٹر ہیڈ ایبٹ آباد زون جناب شفقت حسین جعفری، جناب محمد معروف ایریا کی ایجنسی میٹنگ سے خطاب کر رہے ہیں



اسسٹنٹ جنرل منیجر (پی اینڈ جی ایس) جناب یوسف انصاری کراچی سدرن زون کے جناب انور اگسٹین کی ریٹائرمنٹ پر تحفہ پیش کر رہے ہیں تصویر میں جناب آفتاب احمد و دیگر حضرات نمایاں ہیں

# State Life in Action



میر پور خاص زون......ڈاکٹر محمد شریف پٹھان کو جیون ساتھی پالیسی کے تحت بیوی کے انتقال پر مبلغ -/5,00,000 روپے
کا ڈیتھ کلیم چیک زونل سربراہ جناب عبدالستار ابڑو دے رہے ہیں، پالیسی کی تکمیل پر انہیں مزید 20 لاکھ روپے ادا کیے
جائیں گے، تصویر میں ایریا منیجر گوردھن داس اور سیلز منیجر سید اختر حسین شاد بھی موجود ہیں



سیالکوٹ زون......ایریا منیجر چوہدری الطاف محمود، مسماۃ نسیم بیگم کو ان کے شوہر حاجی محمد اسلم کی پالیسی کا ڈیتھ کلیم چیک
مبلغ -/1,33,400 روپے ادا کر رہے ہیں، تصویر میں سیلز منیجر محمد صغیر اور سیلز افسر حافظ عتیق الرحمٰن بھی نمایاں ہیں



سکھر زون......ایریا منیجر جناب گلزار علی رندھاوا اور سیلز منیجر جناب ارباب علی بھٹو بیمہ دار محمد سومرو شیخ کی وارث
مسماۃ آمنہ بی بی کو ڈیتھ کلیم کی مد میں مبلغ -/3,14,000 روپے کا چیک پیش کر رہے ہیں



گوجرانوالہ زون......سماجی کارکن جناب انور لاشاری، بیمہ دار مرحوم محمد ذکریا کی بیوہ کو ڈیتھ کلیم چیک مبلغ
ایک لاکھ 38 ہزار روپے دے رہے ہیں، اس موقع پر سابق زونل ہیڈ غلام سرور چوہدری و دیگر بھی موجود ہیں



کوئٹہ زون......زونل ہیڈ کنہیا لال شاہین اور صدر ہندو پنچائیت مستونگ آنجہانی مہندر کمار کی بیٹی
نندنی کماری کو مبلغ -/6,98,949 روپے کا ڈیتھ کلیم چیک دے رہے ہیں، ان کے ہمراہ سیلز منیجر خلیل احمد پٹھان اور
سیلز نمائندہ جے پال داس بھی موجود ہیں



حیدرآباد زون......زونل سربراہ سید علمدار حسین کاظمی، بیمہ دار مرحوم محمد یعقوب علوی کی اہلیہ مسز خالدہ پروین کو
ڈیتھ کلیم چیک مبلغ -/91,945 روپے پیش کر رہے ہیں



ساہیوال زون......ایریا منیجر جناب حفیظ اللہ شاکر، مرحوم محمد افضل کی بیوہ کو مبلغ -/5,43,628 روپے کا ڈیتھ کلیم
چیک دے رہے ہیں مرحوم نے تین سال قبل ہی 5 لاکھ کی پالیسی لی تھی اور صرف دو اقساط ادا کی تھیں کہ قتل ہو گیا، مرحوم کی
بیوہ کو مزید 18 سال تک FIB کے تحت 75 ہزار روپے سالانہ ملتے رہیں گے



لاہور سینٹرل زون......اسٹیٹ لائف کی جانب سے مرحوم محمد سلیمان کی بیوہ عظمت بی بی کو دو مختلف پالیسیوں
کے ڈیتھ کلیم چیکس مبلغ -/1,22,120 روپے اور -/1,02,871 روپے دیئے جا رہے ہیں،
تصویر میں سیلز منیجر محمد یٰسین و دیگر بھی نمایاں ہیں

# State Life in Action


تحفّظ



رحیم یار خان زون......ایریا منیجر جناب محمد رمضان، ملک محمد عظیم (مرحوم) کی بیوہ نذیراں مائی کو ڈیتھ کلیم کی مد میں مالیت
-/73,950 روپے کا چیک پیش کر رہے ہیں، ان کے ہمراہ سیلز منیجر محمد اختر شیرانی اور سیلز افسر ملک عبدالستار بھی ہیں



ملتان زون......ایریا منیجر چوہدری محمد ارشد کمبوہ جناب ولی محمد کو ان کے والد کی وفات پر ڈیتھ کلیم چیک
مبلغ -/1,10,344 روپے پیش کر رہے ہیں تصویر میں سیلز نمائندہ محمد اشرف بھی موجود ہیں



ایبٹ آباد زون......سیلز منیجر ملک نواز موضع اوگی میں محترمہ یاسمین بیوہ عبدالوحید کو اسٹیٹ لائف کی جانب سے ڈیتھ کلیم
چیک مالیت -/1,02,050 روپے دے رہے ہیں



لاڑکانہ زون......سیلز منیجر جناب عبدالستار بٹ مرحوم بیمہ دار ایاز حسین بھٹو کے نامزد وارث عارف حسین کو ڈیتھ کلیم کا
چیک مبلغ -/1,84,500 روپے دے رہے ہیں ساتھ میں سیلز نمائندہ عبدالفتاح بھٹو نمایاں نظر آرہے ہیں



زونل ہیڈ لاہور ویسٹرن زون جناب ممتاز اے چوہدری پاکستان کے ممتاز اداکار جناب مصطفیٰ قریشی کو ان کی
بیمہ پالیسی کی میچورٹی کا کلیم چیک پیش کر رہے ہیں ساتھ میں پروٹوکول آفیسر عبدالحفیظ انجم اور منیجر ایف ایم ڈی
جناب ایس ایچ کاظمی بھی نمایاں ہیں



لاہور سینٹرل زون......سیکٹر ہیڈ جناب محمد اشرف چوہدری، مرحوم بیمہ دار جناب محمد شریف کا ڈیتھ کلیم چیک ان کی اہلیہ صغریٰ
بی بی کو مبلغ -/1,33,765 روپے پیش کر رہے ہیں، تصویر میں ایریا منیجر افتخار علی ملک، سیلز منیجر محمد رمضان شاکر، غلام رسول
نورانی اور محمد یاسین عابد نمایاں ہیں



سوات زون......زونل مہتمم جناب محمد سعید خان، بیمہ دار مرحوم وزیر گل کے انتقال پر ان کی بیمہ پالیسی کا ڈیتھ کلیم چیک
مبلغ -/1,19,600 روپے ان کے بیٹے حیدر علی کے حوالے کر رہے ہیں، سیلز افسر فضل غنی بھی تصویر میں نمایاں ہیں



میر پور آزاد کشمیر زون......ایریا منیجر راجہ محمد یعقوب خان بیمہ دار ملازم حسین مرحوم کے بیٹے کو ڈیتھ کلیم چیک مبلغ
-/1,54,280 روپے پیش کر رہے ہیں، تصویر میں سیلز منیجر فرید شاہ بھی نمایاں نظر آرہے ہیں

# بیمۂ زندگی اور اسلامی نقطۂ نظر

تحریر......شیر علی، سینئر جنرل منیجر

قسط نمبر 2



تاریخ اس بات پر بھی شاہد ہے کہ دنیاوی امور کے ارتقا کے ساتھ ساتھ دین بھی ارتقائی عمل سے گزر کر تکمیل کے مرحلے تک پہنچا اور اللہ پاک نے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی شکل میں اپنا آخری نبی اور رسول مبعوث فرمایا جو اپنے ساتھ ایک آخری اور کامل دین، قرآن پاک کی شکل میں ایک جامع اور رہنما کتاب اور اپنی احادیث وسنت کی صورت میں ایک عملی زندگی اور ضابطہ حیات لے کر تشریف لائے یہ دین اور کتاب بھی آدم علیہ السلام کی شریعت کی طرح اللہ کی وحدانیت پر مبنی تھا تاہم اس دین کے ماننے والوں پر اللہ کی وحدانیت پر ایمان کے ساتھ رسالت محمدؐ اور گزشتہ تمام انبیا، ان کی کتابوں، ملائکہ اور روز قیامت اور جزاوسزا پر یقین بھی ہمارے ایمان کے اجز اٹھہرائے گئے۔

اسلام ایک مکمل ضابطہ حیات ہے جس میں دنیا کے ہر دور اور انسانی ارتقا کے ساتھ جڑے ہوئے تمام معاشی، معاشرتی اور سیاسی مسائل کا حل موجود ہے آج کی بدلتی ہوئی دنیا میں بہت سارے پیشے اور معاملات ایسے ہیں جن کا آج سے چودہ سو سال یا دو سو سال پہلے وجود نہیں تھا لہٰذا ایسے تمام کاروبار کو شریعت کی کسوٹی پر پرکھنا ہوگا اور جب تک یہ کاروبار اور معاملات اللہ کے صریحاً حرمت اور نافرمانی میں نہیں آتے اور اس سے کسی کا استحصال نہیں ہوتا ہو اور اس سے معاشرے کو اجتماعی فائدہ ہو رہا ہو تو مسلمانوں کو ایسے کاروبار سے فائدہ اٹھانا جائز ہے۔

اس ضمن میں آج کا بیمہ زندگی یا لائف انشورنس کا کاروبار قابل ذکر ہے۔ آج کل اس کاروبار کے بارے میں لوگوں کے ذہنوں میں سوالات اور خدشات پیدا ہو رہے ہیں اور بہت سارے لوگ اس غلط فہمی میں مبتلا ہیں کہ بیمہ کمپنیاں بھی بینکوں کی طرح سودی لین دین میں ملوث ہیں۔ یہ سوچ بالکل معلومات کی کمی پر مبنی ہے۔ بیمہ زندگی کا کاروبار دنیا میں کئی سو سالوں اور برصغیر پاک و ہند میں گزشتہ تقریباً سو سالوں سے رائج ہے۔ گزشتہ ایک سو سالوں کے دوران ہزاروں مسلمانوں نے اسلامی مدارس اور مفتیان وقت سے رجوع کیا ہے لیکن اس بارے میں اب تک کوئی حتمی فتویٰ سامنے نہیں آیا ہے۔ کچھ علماء دین کے نزدیک بیمہ زندگی قطعاً حرام ہے، کچھ علمائے دین اس کو مشکوک اور کچھ اس کو جائز قرار دیتے ہیں۔ جب کسی چیز کو علماء کے ایک گروہ جائز اور دوسری ناجائز گردانتا ہے تو اسلامی فقہ کی اصول کے مطابق تقویٰ کا تقاضا ہے کہ ایسی چیز سے پرہیز کیا جائے لیکن حرام نہیں کہا۔ تاہم بہت سے علماء کی رائے ہے کہ آج کل اسلامی ممالک میں اسلامی حکومت نہ ہونے کی وجہ سے بیت المال کا نظام موجود نہیں، نہ حضرت عمرؓ جیسے خلیفہ ہیں کہ وہ اعلان کریں کہ اگر دریائے فرات کے کنارے کتا بھی بھوک سے مر جائے تو قیامت کے دن ان سے باز پرس ہوگی۔ (باقی آئندہ)



## News in Pictures



کراچی ایمپلائز یونین کے صدر سید شہزاد علی شاہ اور جنرل سیکریٹری نعیم علی کا ایبٹ آباد زون کے دورے کے دوران صدر یونین ایبٹ آباد زون جناب علی رحمان اور جنرل سیکریٹری حاجی ریاض اور دیگر نمائندگان کے ہمراہ لیا گیا گروپ فوٹو



ایگزیکٹیو ڈائریکٹر مارکیٹنگ محترمہ نرگس گھلو گلگت کی سیکٹر ہیڈ محترمہ سردار بیگم کو اعلیٰ کارکردگی پر سرٹیفکیٹ دے رہی ہیں



چیئرمین اسٹیٹ لائف جناب شاہد عزیز صدیقی، جناب محمد جنید کی خدمات کو سراہتے ہوئے ان کی ریٹائرمنٹ تحفہ پیش کر رہے ہیں



ملتان ریجن میں ترقی پانے والے اسسٹنٹ جنرل منیجر مارکیٹنگ زیڈ ایم کامران شمسی، منیجرز مارکیٹنگ چوہدری محبوب عالم اور چوہدری یوسف مختار، ریجنل چیف ملتان جناب مقصود احمد چوہدری، زونل سربراہ جناب طاہر احمد خان اور آفیسرز ایسوسی ایشن کے صدر جناب محمد اشرف بھٹی، فرزند علی شاہین اور آل حسن زیدی کے ہمراہ لیا گیا گروپ فوٹو

# Our New Executive Directors
## Mr. Muhammad Yahya and Mr. Allah Rakha Aasi



Mr. Muhammad Yahya, a BS-20 officer of Customs Excise and Sales Tax group has joined as Executive Director State Life. Mr. Muhammad Yahya holds the portfolio of Policyholders Services Division, Real Estate Division, Personal & General Services Division and Law Division, Mr. Yahya has held senior level management positions in Customs, Sales Tax and Central Excise both in the field as well as Federal Board of Revenue (FBR) besides Director Export Supply Management and Textile Quota Management in Trade Development Authority of Pakistan (TDAP). Prior joining State Life, Mr. Muhammad Yahya was working as Collector Model Collectorate of Customs (preventive) Custom House, Karachi. Mr. Yahya holds an MBA, M.Sc. Geology and B.Sc. (Hons.) and has attended various training programmes in the country and abroad.

Mr. Allah Rakha Aasi, a BS-20 Officer of District Management Group has alsotaken over the change as Executive Director, State Life. Mr. Allah Rakha Aasi, holds the portfolio of Budget & Accounts, Actuarial, Investment, Computer, Research and Analysis Divisions.

from prepage

# Karachi Gymkhana State Life Ramzan Cricket Festival

Tapal teams, office bearers and the media on the occasion of prize distribution ceremony of 23rd KG State Life Ramazan Cricket Festival 2008 played between 1st to the 28th of Ramazan 2008 at KG Cricket Ground. Mr. Shahid Aziz Siddiqi said that is was the great honour for State Life to sponsor such an event keeping in view its CSR practices for promoting healthy sports activities in the mega city of Karachi Extensive print and electronic media coverage was accorded through out the State Life Cricket Festival 2008. Sixteen cricket teams representing national and multinational organizations participated in 23rd KG State Life Ramzan Cricket festival 2008. A large crowd of people and the media witnessed the Cricket Festival.

By: **Kamran Channa**
Deputy Manager (A&SP)




*A view of the prize distribution ceremony with winner and runner-up captains*

# Top Ten Leaders - upto August 2008 (on corporate basis)

**Sales Managers**

| Name | FYP | Zone |
|---|---|---|
| Mr. Masoom Ali | 7,200,367 | Karachi (S) |
| Mr. Muhammad Saghir | 6,797,754 | Sialkot |
| Ms.Naheed Nazir | 5,942,880 | Lahore (W) |
| Malik Munir Ahmed | 5,464,828 | Sialkot |
| Mr. M. Talib Hussain | 4,746,054 | Islamabad |
| Mr. Barkat Ali Bhatti | 4,626,023 | Karachi (S) |
| Ch. Muhammad Ghani | 4,595,014 | Sialkot |
| Mr. Mukhtar A. Abbasi | 4,527,873 | R. Y. Khan |
| Ms.Irshad Bibi | 4,384,853 | D.G. Khan |
| Mr. Rafaqat Ali Kharal | 4,362,972 | Gujranwala |

**Sales Officers**

| Name | FYP | Zone |
|---|---|---|
| Mr. Shabbir Dhirani | 4,391,665 | Karachi (S) |
| Mr. Hizbullah Memon | 4,334,631 | Karachi (S) |
| Mr. Sultan Maqsood | 3,999,201 | Karachi (E) |
| Ms. Tahira Nayyer | 3,794,025 | Islamabad |
| Mr. Azhar Mahmood | 3,325,931 | Lahore (W) |
| Mr. Kamran Maqbool | 3,082,442 | Faisalabad |
| Ms.Rifat Sultana | 2,942,176 | Sargodha |
| Mr. Basharat Ali | 2,830,472 | Gujranwala |
| Mr. Yasir Ali Khan | 2,777,193 | Lahore (C) |
| Mr. Shahid Mehmood | 2,548,560 | Rawalpindi |

**Sales Representatives**

| Name | FYP | Zone |
|---|---|---|
| Ms. Najma Rana | 3,999,201 | Karachi (E) |
| Mr. Iqbal Yousuf | 3,259,203 | Islamabad |
| Mr. Imran Maqbool | 3,054,762 | Faisalabad |
| Mr. Wajid Ali | 2,077,490 | Lahore (C) |
| Ms. Shaista | 1,947,690 | Karachi (S) |
| Ms. Nazneen Shabbir | 1,897,440 | Karachi (S) |
| Malik Usman Daud | 1,880,120 | Gujranwala |
| Mr. Salman | 1,741,550 | Karachi (C) |
| Mr. Rehan Nazir | 1,726,561 | Karachi (E) |
| Mr. Zaheer Abbas Khan | 1,710,538 | Quetta |